فہرست

لمعات

23مارچ	ادارہ	3
دروس القرآن (سورہ فاتحہ)	غلام احمد پرویز	7
خدا کا تصور	غلام باری، مانچسٹر	16
اِختلافِ قرأت کا افسانہ	جمیل احمد عدیل	19
خُمس کا مذہبی اور دینی مفہوم	خواجہ ازہر عباس، فاضل درسِ نظامی	44

ENGLISH SECTION

Basic Structure of An Economic System

By Maj Gen (Rtd) Ihsan-ul-Haq 1

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

23 مارچ

یوں تو ہر دن اللہ ہی کا ہوتا ہے لیکن بعض دنوں میں اس قسم کے عظیم الشان انقلاب واقع ہوتے ہیں کہ قرآن انہیں ''ایام اللہ'' کہہ کر پکارتا ہے۔ اسی طرح قوموں کی زندگی میں بعض دن ایسے آتے ہیں جن میں ان کا کاروان حیات ایک نیا موڑ مڑتا ہے اور اس سے ان کی قسمت کا پانسہ پلٹ جاتا ہے۔ اس قسم کے دن قوموں کی زندگی میں یادگار بن جاتے ہیں اور تاریخ کے اوراق میں درخشندہ حروف میں لکھے جاتے ہیں مسلمانانِ ہندو پاکستان کی حیات ملی میں گذشتہ پچیس سال کے عرصہ میں کئی دن ایسے آئے ہیں جن کی یاد کو تاریخ اپنی آغوش میں محفوظ رکھے گی۔ ان میں سب سے پہلا یادگار دن ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کا تھا جب الہٰ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں، حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے اپنا وہ خطبۂ صدارت ارزانی فرمایا جس نے فی الحقیقت اس قوم کے مستقبل کے دھارے کا رخ بدل دیا۔ اس سے پہلے مسلمانانِ ہند ایک راہ گم کردہ قافلے کی طرح پریشان و سرگرداں، ادھر ادھر مارے مارے پھرتے تھے۔ ان کے پاؤں اٹھتے تھے لیکن نہ سراغ راہ ان کے سامنے تھا نہ نشان منزل۔ وہ ہر دور سے نظر آنے والے غبار کی طرف لپک کر بڑھتے تھے کہ شاید اس میں وہ ''شہ سوارِ اشہبِ دوراں'' ہو جو انہیں صحیح و سلامت منزل مقصود تک لے جائے لیکن اس کے بعد مایوس ہو کر بیٹھ جاتے تھے کہ وہ غبار، بگولے کے رقص سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا تھا۔ اس تشتت و انتشار اور یاس و حزن کے عالم میں اس حکیم الامت نے جسے قرآنی بصیرت نے دیدۂ انجم عطا فرمایا تھا، ان پراگندہ افرادِ کارواں کو پکارا اور نہایت حکمت و تدبر اور شفقت و محبت سے انہیں بتایا کہ ان کی منزل مقصود کیا ہے اور اس تک پہنچنے کا صحیح راستہ کونسا۔ انہوں نے سب سے پہلے اپنے مخاطبین سے کہا کہ

> آپ نے مسلم لیگ کے اس اجلاس کی صدارت کے لئے اس شخص کو منتخب کیا ہے جو اسلام کے مستقبل سے مایوس نہیں۔ اسے پورا پورا یقین ہے کہ اسلام میں وہ قوت موجود ہے جو انسان کو اس کی تنگ نظری سے نجات دلا سکتی ہے جسے جغرافیائی حدود نے پیدا کر دیا ہے۔ جس کا ایمان یہ ہے کہ ایک فرد یا مملکت کی زندگی میں مذہب کی قوت بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ اور جو (اس حقیقت پر علیٰ وجہ البصیرت) یقین رکھتا ہے کہ اسلام اپنی تقدیر آپ ہے۔ اس لئے دنیا کا کوئی حادثہ اسے تباہ نہیں کر سکتا۔

اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ یہ تمہاری غلط نگہی ہے جو تم نے سمجھ رکھا ہے کہ مسلمانوں کی قومیت وطن کی حدود سے متشکل ہوتی ہے۔

ان کی قومیت کا مدار اسلام پر ہے۔

جس نے جذبات اور وفاشعاریوں کے وہ بنیادی اصول عطا کئے ہیں جو رفتہ رفتہ پراگندہ افراد اور منتشر گروہوں میں یک جہتی اور یک نگہی پیدا کر کے انہیں آخرالامر ایک متعین قوم میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

قومیت کی ان نئی بنیادوں کی وضاحت کے بعد، وہ مسلمانانِ ہند کے مستقبل کو سامنے لائے اور کہا کہ

میں چاہتا ہوں کہ پنجاب۔صوبہ سرحد۔سندھ اور بلوچستان کو ایک دوسرے میں مدغم کر کے ایک مملکت بنا لیا جائے۔

انہوں نے اپنی اس آواز کے اظہار تک ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ ایمان وایقان کی ایک ایسی آواز کے ساتھ جو دل کی گہرائیوں سے ابھرا کرتی ہے، پورے حتم ویقین سے فرمایا کہ

حکومت برطانیہ کے دائرہ کے اندر رہ کر ہو یا آزادانہ طور پر۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک مستحکم اور متحدہ مملکت کا قیام ان کے لئے مقدر ہو چکا ہے۔

یہ تھا نشانِ منزل (یعنی ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک متحدہ مملکت کا قیام) اور وہ تھا سراغِ راہ (یعنی وطنی، نسلی، لسانی نسبتوں سے بلند ہو کر، محض اسلام کی بنیادوں پر مسلم قومیت کی تشکیل) جو ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو اس پراگندہ فکر اور افسردہ خاطر قوم کے سامنے رکھا گیا۔ یہ دن، فی الحقیقت مسلمانانِ ہندوستان کی زندگی میں، ہمیشہ زندہ وتابندہ رہنے والا دن تھا۔

چونکہ ہر انقلابی آواز کی طرح یہ آواز بھی اپنے زمانے سے بہت آگے تھی اس لئے کسی نے اسے سنجیدگی سے درخور اعتنا نہ سمجھا۔ لیکن زمانے کے تقاضے قوم کو کشاں کشاں اسی طرف لئے جا رہے تھے۔ انہی تقاضوں نے ان میں قائداعظمؒ جیسی شخصیت کو ابھار دیا۔ انہوں نے سب سے پہلے، قومیت کے اس ''جدید'' تصور کے ماتحت، مسلمانانِ ہند کو ایک جداگانہ ملت کی حیثیت سے منظّم کیا اور اس کے بعد ان میں اس منزل کے شعور کو بیدار کیا جس کا نشان اقبال نے ۱۹۳۰ء میں دیا تھا۔ چنانچہ چند ہی سال کی کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس قوم نے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو، اسی حکیم الامتؒ کے مرقد کے سرہانے کھڑے ہو کر اپنے اس عزم کا اعلان کیا کہ ہم ہندوستان میں اپنی جداگانہ مملکت کو قائم کر کے رہیں گے۔ یہ دن اس قوم کی کتابِ زندگی میں ستاروں کی روشنائی میں لکھے جانے کے قابل ہے۔

اس عزم کے بعد، اس منزل تک پہنچنے کے لئے مسلسل جدوجہد جاری رہی تا آنکہ انہیں نہ صرف شمال مغربی بلکہ اس کے ساتھ ہی شمال مشرقی ہند میں بھی ایسا خطۂ زمین مل گیا جس میں یہ اپنے تصورات کے مطابق اپنی آزاد مملکت قائم کر سکتے تھے۔ یہ انقلاب عظیم ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو واقع ہوا۔ یہ دن ان کی حیاتِ ملی میں ہزاروں مسرتوں اور لاکھوں شادمانیوں کا پیامبر تھا اور بلاشائبۂ تشکیک، قرطاسِ ارض پر سورج کی کرنوں سے مرصع کاری اور زرنگاری کا مستحق۔ اس طرح سترہ سال کے قلیل عرصہ میں (جو قوموں کی زندگی

میں پلک جھپکنے سے زیادہ کا عرصہ نہیں کہلا سکتا) ایک ''شاعر کا خواب'' خواب یوسف کی طرح' حقیقت ثابتہ بن کر سامنے آ گیا۔

لیکن جہاں ایک طرف' اس قوم کی قسمت کے ستارے یوں ایک ایک کر کے بیدار ہوتے جا رہے تھے' تاریکی کا ایک گوشہ بھی اس کے ساتھ چلا آ رہا تھا کہ اقبالؔ نے پاکستان کا تصور دیا لیکن قبل اس کے کہ یہ حقیقت منتظر' لباس مجاز میں سامنے آ جائے' وہ ہم سے رخصت ہو گیا۔ پھر جناحؔ نے وہ خطۂ ارض حاصل کر لیا جس میں اس جدید مملکت کو متشکل ہونا تھا لیکن قبل اس کے کہ اس کی بنیادیں اس نقشے کے مطابق استوار ہوں۔ وہ بھی ہمیں الوداع کہہ گیا۔ اب قوم کے برسر اقتدار طبقہ کی حالت ان رئیس زادوں کی سی ہو گئی جنہیں بیٹھے بٹھائے ایک ریاست ورثہ میں مل جائے۔ اور عوام کی حالت ان یتیموں کی سی جن کا کوئی والی وارث ہی نہ رہے۔ چنانچہ اس عرصہ میں' اوپر کے طبقے نے اس مفت میں ملی ہوئی ریاست کا جو کچھ حشر کیا اور نیچے کے طبقے کے ساتھ جو کچھ بیتی اس کے متعلق اس سے زیادہ اور کیا کہا جائے کہ

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (۹/۸۲)۔

انہوں نے جو کچھ اپنے ہاتھوں سے کیا ہے' انہیں چاہئے کہ اسے دیکھ کر روئیں بہت زیادہ اور ہنسیں بہت کم۔

اقبال نے تخلیق پاکستان کی اہمیت یہ بتائی تھی کہ

> ہندوستان میں' بہ حیثیت ایک ثقافتی قوت کے' اسلام کی زندگی کا دارومدار اس پر ہے کہ اسے ایک خاص خطہ میں مرکوز کر دیا جائے۔

اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ ''یہ خطۂ زمین بیرونی حملہ آوروں کی مدافعت کا ذریعہ بن جائے گا خواہ وہ حملے توپ وتفنگ کے ہوں اور خواہ نظریات وتصورات کے۔'' اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ

> اس سے اسلام کو اس کا موقع مل سکے گا کہ وہ اپنے آپ کو ان اثرات سے پاک اور صاف کر لے جنہوں نے اسے عربی ملوکیت کے زمانے میں ملوث کر دیا تھا۔ یہ اپنی تعلیم' اپنی ثقافت اور اپنے قوانین کو ایک طرف حقیقی اسلام سے اور دوسری طرف دور حاضرہ کے تقاضوں سے قریب تر کر سکے گا۔

یہ تھے وہ فوائد جو اسلام کو اس صورت میں حاصل ہونا تھے جب شمال مغربی خطہ ایک واحد مملکت بن جاتا۔ اب جبکہ ہم نے شمال مغربی خطہ کو ایک مملکت بنا لیا ہے' ہمارے پیش نظر ان مقاصد کا حصول ہونا چاہئے۔ یعنی ہم اس خطۂ زمین میں ایسا معاشرہ قائم کریں جو حقیقی اسلام (یعنی قرآن) کے اصولوں پر متشکل ہو اور ان اصولوں کی روشنی میں ہم ایسے جزئی قوانین مرتب کریں جو دور حاضر کے تقاضوں کو کما حقہ' پورا کر سکیں۔ اسی سے اسلام ان غیر اسلامی عناصر سے منزہ ہو سکے گا جو ہمارے دور ملوکیت کی یادگار ہیں اور جنہیں ہم غلط فہمی سے ہزار برس سے (حقیقی اسلام سمجھ کر) سینے سے لگائے پھر رہے ہیں اور اسی سے ہمارا دین ایک زندہ قوت بن کر دنیا میں ہماری حفاظت اور

صیانت کا ذمہ دار بن جائے گا۔اس لئے کہ (اقبال کے الفاظ میں) تاریخ کے نازک ادوار میں' اسلام نے مسلمانوں کو بچایا ہے۔ مسلمانوں نے اسلام کو نہیں بچایا۔''

اقبالؔ نے اپنے مذکورۂ بالا خطبہ میں یہ بھی بتایا تھا کہ ہمارے زوال کی دو علتیں بالکل نمایاں ہیں۔ایک تو یہ کہ ہم میں صحیح ٹائپ کے لیڈر نہیں۔

> لیڈر سے میری مراد ایسے افراد ہیں جو اپنی خداداد بصیرت یا تجربہ کی بنا پر' اسلام کی روح اور اس کی غایت سے پوری طرح واقف ہوں اور دوسری طرف عصر حاضر کے تقاضوں کا بھی صحیح صحیح احساس رکھتے ہوں۔اس قسم کے افراد درحقیقت قوم کے لئے ''خدائی قوت'' کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ خدا کی طرف سے بنے بنائے ملتے ہیں۔آرڈر دے کر بنوائے نہیں جاسکتے۔

دوسری علت انہوں نے یہ بتائی تھی کہ ہماری قوم میں ''ملی شعور'' کی کمی ہوتی جارہی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص اپنے اپنے ذاتی مفاد کے پیچھے پڑا رہتا ہے اور ملت کے تعمیری کاموں کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارے ہاں اس وقت کوئی لیڈر بھی ان خصوصیات کا حامل نہیں جس کی طرف اقبال نے اشارہ کیا ہے۔جو لوگ فضا میں خلا کی وجہ سے مذہبی پیشوائیت کی مسندوں پر متمکن ہوگئے ہیں اور زمامِ اقتدار اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں انہیں نہ اس کا علم ہے کہ اسلام کی روح اور غایت کیا ہے اور نہ ہی اس کا شعور کہ عصر حاضر کے تقاضے کیا۔لیکن اس کمی کو اس طرح پورا کیا جاسکتا ہے کہ ہم باہمی مشاورت سے اپنے تمام معاملات میں قرآن سے راہنمائی حاصل کریں اور اس کی روشنی میں عصر حاضر کے پیش کردہ مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ہوسکتا ہے کہ اس کوشش میں ہم کسی جگہ غلطی بھی کر جائیں۔لیکن غلطیوں سے کبھی گھبرانا نہیں چاہئے۔مزید تجربہ غلطیوں کی اصلاح خود بخود کر دیا کرتا ہے۔باقی رہی قوم میں ملی شعور کی بیداری' سو اس کی واحد صورت وہی ہے جسے قرآن نے بطور اصل الاصول پیش کیا ہے۔یعنی انفرادی مفاد کو کم از کم کر کے ملی مفاد کو زیادہ سے زیادہ کر دیا جائے۔بالفاظ دیگر' رزق کے سرچشموں کو انفرادی ملکیت سے نکال کر ملت کی اجتماعی تحویل میں دے دیا جائے تاکہ وہ انہیں تمام افرادِ ملت کی نشوونما کے کاموں میں صرف کر سکے۔قرآن نے اقوام کی تخلیق اور نشاۃ ثانیہ کا ایک اہم اصول بتایا ہے اور وہ یہ کہ پوری کی پوری قوم ایک فرد واحد کی حیثیت سے زندگی بسر کرے۔مَّا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ (۳۱/۲۸)۔اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ رزق کے سرچشموں میں افراد کا الگ الگ مفاد نہ رہے بلکہ پوری ملت کا مفاد مشترکہ ہو اور اس کے بعد کسی کے دل میں قطعاً یہ خیال نہ پیدا ہو کہ وہ سندھی ہے یا پنجابی۔بلوچی ہے یا سرحدی۔اگر اسلام لانے کے بعد بھی' امتیازاتِ رنگ و بو کے یہ بت ہمارے دلوں میں قائم رہے تو سمجھ لیجئے کہ ہمارے دلوں میں ایمان نے گھر نہیں کیا۔ہم بدستور مشرک کے مشرک ہیں۔

إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِراً وَإِمَّا كَفُوراً (القرآن:۳/۷۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(نواں باب)

سورۃ الفاتحۃ

(آیت 7 اور خلاصہ)

عقل وفکر سے کام نہ لینے والوں کو قرآنِ کریم نے اصولی طور پر دو شقوں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک وہ جو زندگی کے دوراہے پر پہنچ کر ' نہ یہ دیکھنے کی ضرورت محسوس کریں کہ انہیں کس راستہ کی طرف مڑنا چاہیے' نہ کسی سے ایسا پوچھنے کی حاجت ہو۔ جس راستہ پر ہجوم چلا جا رہا ہو' وہ بلا سوچے سمجھے انہی کے پیچھے ہو لیتے ہیں۔ اس کی سند ان کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ یہ وہ راستہ ہے جسے ہمارے اسلاف نے اختیار کیا ہے اور وہ ہم تک متواتر چلا آ رہا ہے۔ یعنی پچھلی بھیڑ سے پوچھیے کہ تم اس راستے پہ کیوں جا رہی ہو تو اس کا جواب یہ ہوتا ہے کہ اگلی بھیڑ جو اس راستے پر جا رہی ہے' میں اس کے پیچھے ہوں۔ ہمارے ہاں محاورے میں بھیڑ چال کہتے ہیں۔ بھیڑوں کو دیکھ کر تو ہم اس قدر متنفر ہوتے ہیں' کبھی نہیں سوچتے کہ پوری کی پوری قوم صدیوں سے بھیڑ چال پہ چلی ہوئی ہے۔ قرآنِ کریم ان کے متعلق کہتا ہے کہ جب وہ اس راستے پر چلتے چلتے جہنم میں جا پہنچیں گے اور ان سے پوچھا جائے گا کہ تم نے یہ راستہ کیوں اختیار کیا تھا تو وَ قَالُوْٓا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا (33:67) وہ کہیں گے کہ اے ہمارے نشوونما دینے والے! ہمیں ہمارے ان بڑے بڑے بزرگوں' مذہبی راہنماؤں' اور لیڈروں نے گمراہ کیا اور ہمیں صحیح راستہ سے بھٹکا دیا۔ پہلی قسم تو ان کی ہے۔ دوسری قسم ان لوگوں کی ہوتی ہے جو صحیح راستہ کو جانتے تو ہیں لیکن ان کی مفاد پرستیاں انہیں اس راستہ پر آنے نہیں دیتیں۔ وہ اپنے جذبات سے مغلوب ہو کر اندھے ہو جاتے ہیں اور ان کی عقل وفکر اور علم وبصیرت ان کے کسی کام نہیں آتی جیسے اچھا بھلا' دانا وبینا' عقل مند' ہوشیار ودانشور جب شراب کے نشے میں مخمور ہو جاتا ہے تو اس کی ساری کی ساری عقل وفکر مفقود ہو جاتی ہے۔ اس میں سمجھنے سوچنے کی صلاحیتیں تو ہوتی ہیں' سمجھ سوچ بھی سکتا ہے' جانتا بھی ہے لیکن نشے میں مغلوب ہو جاتا ہے۔ یہ جو نشہ ہے اسے قرآن نے جذبات کہہ کر پکارا ہے' وہ جذبات جو وحی کی رہنمائی میں کام نہیں کرتے بلکہ اس کے خلاف اپنی مفاد پرستی کے تابع چلتے ہیں' یعنی جذبات کے نشے میں مخمور ۔قرآن کہتا ہے کہ یہ بھی عقل وفکر کو کھو بیٹھتا ہے: اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ کیا تو نے اس شخص کی حالت پر بھی غور کیا ہے' جس نے خود اپنے جذبات ہی کی پرستش اور محکومیت اختیار کر لی' اپنے جذبات کو اپنا الٰہ بنا لیا؟ یعنی اس کے تابع چلنے لگ گیا اپنے جذبات

سے مغلوب ہوگیا' اس طرح وَ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰی عِلْمٍ (45:23) خدا کے قانون کے مطابق' یہ شخص اس علم کے باوجود' جاننے بوجھنے کے باوجود صحیح راستہ کھو کر' غلط راستے پہ چل پڑا' اس کے اندر صحیح اور غلط کا امتیاز باقی نہ رہا وَّ خَتَمَ عَلٰی سَمْعِهٖ وَ قَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰی بَصَرِهٖ غِشٰوَةً (45:23) اور جیسا کہ نشے میں مدہوش انسان سے ہوتا ہے' نہ اس کی آنکھ صحیح دیکھتی ہے' نہ کان صحیح بات سنتا ہے' نہ دماغ صحیح سوچتا ہے' ان تمام پہ مہریں لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ کہا کہ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ (45:23) جو اس طرح عقل و فکر کھو بیٹھے' کہیے کہ خدا کے قانون کے علی الرغم وہ کون ہے جو انہیں صحیح راستہ دکھا سکے؟ انسان کے پاس سب سے بڑی قوت عقل ہی کی ہے لیکن جب اس پر جذبات غالب آ جاتے ہیں تو عقل خود ان جذبات کی لونڈی بن جاتی ہے اور ان کے بروئے کار آنے کے لیے سامان و ذرائع بہم پہنچاتی' ان کے جواز کے لیے فریب آمیز دلیلیں وضع کرتی ہے۔ ان حالات میں کوئی ایسی قوت ہی اس کی راہ نمائی کر سکتی ہے جو عقل اور اس کے سطحی جذبات سے بلند ہو اور یہ قوت' وحی خداوندی کے علاوہ کوئی اور نہیں ہو سکتی۔ اس لیے کہا کہ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (45:23) کیا لوگ اس بات کو سوچتے نہیں کہ ضلالت کا یہ پہلو کتنا خطرناک ہوتا ہے۔ ایک وہ ہیں' جو جانتے نہیں ہیں' بھیڑ چال کی طرح چلے جاتے ہیں۔ ایک یہ ہیں جو جانتے بوجھتے ہوئے' اپنی عقل کھو دیتے ہیں کیونکہ جذبات پرستی کے تابع وہ مدہوشی کے عالم میں ہوتے ہیں' جو چلے جا رہے ہوتے ہیں۔ انہیں کون صحیح راستے پہ لا سکتا ہے؟

میں پھر دہرا دوں۔ یہ بات پہلے بھی آ چکی ہے کہ انسانی جذبات ایسے نہیں ہیں جو قابل نفرت ہوں اور یہ کہ قرآن نے ان کی بڑی مذمت کی ہے۔ نہیں' قطعاً نہیں۔ جذبات تو بڑی قوت ہیں۔ انسان کے اندر قوتِ عمل تو جذبات ہی ہوتے ہیں۔ یہ انسان کے عمل کے محرک ہوتے ہیں۔ جو جذبات' خدا کی اقدار سے سرکش ہو کر' سیلاب کی شکل اختیار کر لیں' اور انسان کی عقل و فکر پر غالب آ جائیں' تو یہ وہ جذبات ہیں جو قابلِ نفرت ہیں ورنہ جو دوسرے جذبات ہیں' ان کے لیے یہ نہیں کہا۔ وحی خداوندی سے سرکش جذبات ان کے متعلق قرآن نے کہا کہ وَ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ [1] (28:50)۔ یہ لوگ جن میں علم و عقل رکھنے کے باوجود صحیح راستے کی' صحیح اور غلط کی' تمیز اٹھ جاتی ہے' وہ کنفیوز ہوئے پھرتے ہیں' یہ وہ لوگ ہیں' جو وحی کی روشنی کے بغیر اپنے جذبات سے کام لیتے ہیں۔ دیکھا! اب قرآنِ کریم نے کس طرح دونوں میں تمیز کر کے رکھ دی۔

انسانیت کے لیے موجودہ جمہوریت کا تصور ایک خطرناک مرض ہے

اب آگے چلیے۔ ہمارے زمانے میں گمراہی کی ایک اور شکل بھی ہے جو اس وقت ساری دنیا میں عام ہو رہی ہے اور اسے

---

[1] جو شخص' خدا کی رہنمائی کو چھوڑ کر اپنے جذبات کے پیچھے لگ جاتا ہے' اس سے زیادہ راہ گم کردہ اور کون ہو سکتا ہے؟ (مفہوم القرآن از پرویزؒ ص 896)

عصرِ حاضر کا بہت بڑا کارنامہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ وہ روش ہے جسے ڈیموکریسی یا جمہوریت کہہ کر پکارا جاتا ہے اور جس کی بنیاد اس نظریے پر ہے کہ جو بات اکیاون فیصد کہہ دیں وہ صحیح ہوتی ہے۔ آپ سوچیے کہ یہ معیار کیا ہے یعنی اگر اس پارٹی کے دو ووٹ کم ہو گئے' یہ انچاس میں رہ گئی' تو یہ کتنی ہی صحیح بات کیوں نہ کہے یہ غلط ہے اور اگر کسی طرح انہوں نے دو ووٹ اپنے ساتھ ملا لیے تو کتنی ہی غلط بات کیوں نہ کہے وہ صحیح ہے۔ قرآنِ کریم کہتا ہے کہ یہ تو صحیح اور غلط کا کوئی معیار نہیں ہے۔ یہ تو گمراہی کی بدترین شکل ہے۔ مثلاً 1961ء کے فیصلے کو قانون صحیح قرار دیتا ہے' قوم صحیح قرار دیتی ہے۔ اسے دنیا کہتی ہے کہ ڈیموکریسی کے تحت فیصلہ ہو رہا ہے تب جمہوریت کے نظام کے تابع یہ فیصلہ ہو رہا ہے' کوئی اس کو چیلنج نہیں کرتا' کوئی اس کو برا نہیں سمجھتا۔ کہا کہ سوچیے تو سہی' جو اکیاون فی صد کا فیصلہ لے کر اس راستے پر چلیں' محض اس سند کے ساتھ کہ 51 فی صد نے اس کے حق میں ووٹ دیا ہے' اس قسم کے گمراہ کو' راستہ کھو دینے والے کو' صحیح راستے پہ کون لائے گا؟ کہا کہ وَ اِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِی الْاَرْضِ یُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ (6:116) اگر تو انسانوں کی اکثریت کا اتباع کرے گا تو وہ تجھے خدا کی طرف لے جانے والے راستے سے گمراہ کر دیں گے۔ یہ لوگ ظن و تخمین کا اتباع کرتے ہیں اور قیاسات پر چلتے رہتے ہیں۔ حق کا کوئی خارجی معیار ان کے پاس نہیں ہوتا۔ ان کے برعکس اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ یَّضِلُّ عَنْ سَبِیْلِهٖ ۚ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ (6:117) غلط اور صحیح' حق اور باطل' کا معیار صرف خدا کی رہنمائی ہے۔ یہی وہ راہنمائی ہے جس کے متعلق نوعِ انسان سے کہا گیا تھا کہ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَایَ فَلَا یَضِلُّ وَ لَا یَشْقٰی (20:123) جو میری راہنمائی کا اتباع کرے گا تو نہ وہ صحیح راستہ سے بھٹکے گا اور نہ ہی جگر پاش مشقتوں میں مبتلا ہو کر سعادتوں سے محروم رہ جائے گا۔

مذہبی پیشوائیت دین اللہ کے اندر خودساختہ مذہب کو ملا کر فروخت کرتی ہے

عزیزانِ من! میں نے شروع میں بتایا تھا کہ جو ضلال یا ضلالت کا مادہ ہے' اس کے ایک معنی یہ بھی ہوتے ہیں کہ دو چیزوں کا اس طرح آپس میں مل جانا کہ انہیں الگ الگ کرنا ممکن نہ رہے' جس طرح دودھ میں پانی مل جاتا ہے تو وہ نظر دودھ ہی آتا ہے' پانی اس کے اندر گم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد آپ دودھ اور پانی کو الگ نہیں کر سکتے' اسے دودھ ہی کہا جاتا ہے۔ یہ ضلالت کون سی ہے؟ جیسا کہ میں پہلے درسوں میں بتا چکا ہوں جب حضرات انبیائے کرامؑ کا پہنچایا ہوا دین خداوندی مذہب میں تبدیل ہو جاتا ہے تو اس میں تلبیس حق و باطل کی یہی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ ایک دوسرے میں اس طرح مدغم ہو جاتے ہیں کہ ان کا الگ الگ کرنا تو ایک طرف' ان کی شناخت بھی مشکل ہو جاتی ہے۔ پھر جس طرح ایک گوالا پانی ملے ہوئے دودھ کو خالص دودھ کہہ کر بیچتا ہے' مذہبی کاروبار کرنے والے مذہبی' خودساختہ متاعِ کاشت کو' دین کا زرِ خالص بتا کر بیچتے ہیں اور اس کی بڑی بڑی قیمتیں وصول کرتے ہیں۔ یہی ہیں جن کے متعلق کہا

گیا کہ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَھْوَ الْحَدِیْثِ لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۖ وَّ یَتَّخِذَھَا ھُزُوًا ط اُولٰئِکَ لَھُمْ عَذَابٌ مُّھِیْنٌ (31:6) یہ لوگ اپنے وضع کردہ افسانوں اور خواب آور داستانوں سے لوگوں کو مبتلائے فریب رکھتے ہیں تاکہ انہیں خدا کے راستے سے گمراہ کیے رکھیں۔ یہ ہوتے تو ہیں جاہل لیکن اپنے آپ کو بہت بڑے عالم کہہ کر لوگوں کے مقتدا [1] بن جاتے ہیں۔ وہ یہ سب کچھ روٹی کی خاطر کرتے ہیں' اور اس خودساختہ مذہب کو دین کا لباس اوڑھا کر پیش کرتے ہیں۔ وہ بڑا مضحکہ انگیز ہوتا ہے۔

اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دنیا اسے ہی حقیقی دین سمجھ لیتی ہے۔ چونکہ دنیا اسے دین خداوندی سمجھتی ہے' اس لیجئے روش حقیقی دین کے متعلق ہوتی ہے' دنیا وہی روش اس خودساختہ مذہب کے متعلق اختیار کر لیتی ہے۔ کہا کہ جو قوم دین کے ساتھ اس قسم کا کھیل کھیلے' وہ بڑے ہی ذلت آمیز عذاب میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ آپ اقوامِ عالم پر چھلتیہوئی نگاہ ڈالیے۔ آپ دیکھیں گے کہ جس قدر کوئی قوم مذہب میں ڈوبی ہوئی ہوگی' اسی قدر جاہل اور پسماندہ ہوگی۔ یہی خدا کا عذاب ہے۔ مذہب تو اہم پرستیوں کا مجموعہ ہوتا ہے اور توہم پرستی کا لازمی نتیجہ نکبت و افلاس ہوتا ہے۔ یہ ضلالت کی پست ترین اور بدترین شکل ہوتی ہے۔

مذہب کے اندر امیری اور غریبی خدا کے ہاتھ ہوتی ہے

ہم نے' عزیزانِ من! غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ (1:7) کے درس کے سلسلے میں آخری نکتہ یہ پیش کیا تھا کہ جو قوم رزق کی غیر متوازن تقسیم کرتی ہے' اس پر خدا کا غضب نازل ہوتا ہے اور وہ اسے خوف اور بھوک کے عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے۔ آپ دیکھیے کہ قرآنِ کریم نے اسی معاشی نکتے کو لیا کیونکہ اس میں ضلالت کا پہلو آتا ہے۔ معاشی گوشے میں ضلالت کا پہلو ہے' غضب کا پہلو ہے۔ یہاں ضلالت کا ایک اور پہلو آتا ہے۔ آپ کسی سے بھی وعظ سنیئے' ناصح سے نصیحت سنیئے' جس شخص سے بھی یہ بات کیجیئے' کسی سرمایہ دار سے ہی گفتگو کیجیئے' وہ نہایت مقدس الفاظ میں یہ کہے گا کہ بابا! رزق کی تقسیم خدا نے اپنے ہاتھ میں رکھی ہوئی ہے' وہ جسے چاہے امیر بنا دے، جسے چاہے غریب کر دے' اس میں کسی انسان کا کوئی دخل ہی نہیں ہے۔ یہ کوشش کرنا بھی کہ کوئی غریب امیر ہو جائے گویا خدا کو چیلنج کرنا ہے' وہ اسے غریب رکھنا چاہتا ہے' تم اس کے علی الرغم کہتے ہو کہ نہیں' ہم اسے دولت مند بنا دینا چاہتے ہیں۔ معاذ اللہ وہ کہتے ہیں کہ یہ خدا کے خلاف اتنا بڑا چیلنج ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ آپ اسی نقشے کو دیکھیے کہ لوگوں کو گمراہی میں رکھنے والے کیا تکنیک اختیار کرتے ہیں۔ ان کی کیفیت یہ ہے کہ وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰہُ (36:47) جن لوگوں کے پاس ضرورت سے زیادہ رزق ہوتا ہے' جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس فاضلہ رزق کو ان لوگوں کے لیے کھلا رکھو' جنہیں اس کی احتیاج ہے تو وہ اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ تم

---

[1] وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں' پیشوا' رہنما۔

ہمیں کس قدر غلط راستہ اختیار کرنے کی تلقین کر رہے ہو۔ **قال الذین کفروا للذین امنوا انطعم من لو یشاء الله اطعمه** (36:47) تو یہ لوگ اس قسم کی نصیحت کرنے والوں سے' اس قسم کا مطالبہ یا تقاضا کرنے والوں سے' کہتے ہیں کہ تم کیا کہہ رہے ہو' کیا تم چاہتے ہو کہ ہم ان کی روٹی کا انتظام کریں' جنہیں خدا بھوکا رکھنا چاہتا ہے' انہیں امیر بنانے کی کوشش کریں' جنہیں خدا غریب رکھنا چاہتا ہے' تم ہمیں خدا سے لڑانا چاہتے ہو، اس کے خلاف آمادۂ جنگ کرنا چاہتے ہو۔

رزق کی تقسیم کا فریضہ اسلامی مملکت کے ذمہ ہوتا ہے

خدا کی طرف سے ان کے اس اعتراف کا جواب یہ ملتا ہے کہ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (36:47) ان سے کہو کہ تم اس قدر کھلی ہوئی گمراہی یا فریب دہی میں مبتلا ہو۔ خدا کسی کو یوں رزق نہیں دیا کرتا۔ یہ رزق کی تقسیم اسلامی نظام کے ہاتھوں سے ہوتی ہے اور وہ نظام جس میں اس قسم کی طبقاتی تفریق نہیں رہتی' خدا کی رہنمائی کے مطابق متشکل ہوتا ہے۔ یہ ''منعم علیہ'' لوگوں کی راہ ہے۔ اور یہ جو تم کہتے ہو' یہ تم اپنی مفاد پرستانہ سرمایہ داری کا تحفظ کرتے ہو اور اس کو خدا کی مرضی کے اس مقدس نقاب میں چھپاتے ہو۔ آپ نے دیکھا کہ کس طرح یہ دودھ اور پانی ایک دوسرے کے ساتھ مل گیا ہے۔ نظر بہ ظاہر یہ دلیل بڑی ہی قوی اور بڑی ہی مقدس نظر آتی ہے کہ خدا کی مشیت یہ ہے' کہ یہ لوگ اس حالت میں رہیں' خدا انہیں اس حالت میں نہ رکھنا چاہتا تو دنیا کی کون سی طاقت تھی جو انہیں مجبور کر کے اس حالت میں رکھ سکتی تھی۔ خدا کے حکم کے بغیر تو پتہ بھی نہیں ہل سکتا لہٰذا جس حالت میں جو جہاں ہیں وہ سب خدا کی مشیت کے مطابق ہے۔ آپ نے دیکھا' عزیزانِ من! یہ جو دودھ میں ملا ہوا پانی ہے یہ کس قسم کی ضلالت ہے۔ بہرحال ان تصریحات سے واضح ہے کہ قرآنِ کریم نے جب جماعت مومنین کو یہ دعا سکھائی تھی کہ ہم ان لوگوں کے راستے پر نہ چلیں جو ''ضالین'' ہیں تو اس سے کیا مقصود تھا۔ اسی بنا پر اس نے تاکید کی کہ وَ لَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ (5:77) تم ان لوگوں کے جذبات کا اتباع مت کرنا جو اس سے پہلے خود بھی گمراہ ہو گئے اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا اور اس طرح یہ تابع اور متبوع' خود چلنے والے اور ان کے پیچھے جانے والے' دونوں خدا کی طرف لے جانے والے سیدھے اور متوازن راستہ سے بھٹک گئے۔

''مغضوب علیه'' اور ''ضالین'' کوئی خاص قوم نہیں ہوتی

آخر میں' میں ایک چیز اور بھی واضح کرنا چاہتا ہوں۔ آپ قرآنِ کریم کے ترجمے یا تفسیر میں دیکھیں گے کہ وہاں لکھا ہوا ہوتا ہے کہ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ (1:7) میں **مغضوب علیهم** سے مراد یہودی ہیں اور ''ضالین'' سے مراد عیسائی

ہیں۔یعنی ان سے مراد ہم نہیں ہیں۔اپنے متعلق تو ہم خودفریبی میں مبتلا ہیں کہ ہم ''منعم علیہ'' ہیں تو غیر المغضوب علیہم میں' مغضوب علیہ یہودی ہیں ضالین عیسائی ہیں۔عزیزانِ من! ''مغضوب علیہ اور ضالین'' سے کوئی خاص قوم مراد نہیں ہے۔اس کا اطلاق تو ان تمام قوموں پر ہوگا جو غلط راستوں پر چلنے کی وجہ سے نعمائے خداوندی سے محروم ہوں گی اور اس طرح تباہی اور بربادی کے جہنم میں جا گریں گی' خواہ وہ زمانۂ نزولِ قرآن سے پہلے کی قومیں تھیں' خواہ خود اس زمانے کی قومیں ہوں' اور خواہ قیامت تک آنے والی قومیں ہوں۔اور پھر آگے یہ بات کہ خواہ اس قوم نے اپنا نام کچھ بھی کیوں نہ رکھ دیا ہو' بات تو ان خصوصیات کی ہے' جو قرآن نے بیان کی ہیں۔جس قوم میں وہ خصوصیات ہوں گی' وہ مغضوب علیہ ہوگی' اس کا شمار ضالین کے زمرے میں ہوگا۔یہی نہیں کہ ہم مغضوب علیہ یہودیوں کو کہتے ہیں اور ضالین عیسائیوں کو اور سمجھتے ہیں کہ ہمارا شمار ان میں نہیں ہوتا۔

آج ہم مسلمانوں نے قرآن حکیم کی منزہ اور مشہود تعلیم کو مختلف فرقوں میں بانٹ رکھا ہے

ہم نے تو پورے کے پورے قرآن کو اسی طرح مختلف فرقوں میں بانٹ رکھا ہے۔جہاں جہاں تباہیوں اور بربادیوں کا ذکر آتا ہے' ہم یہ کہہ کر خودفریبی میں مبتلا ہوجاتے اور مبتلا رہتے ہیں کہ یہ یہود کے متعلق تھا' یہ نصاریٰ کے متعلق تھا' یہ مشرکین مکہ کے متعلق تھا' یہ کفارِ عرب وغیرہ کے متعلق ہے۔یہ سب جہنمی ہیں اور جنت صرف ہمارے لیے تیار کی گئی ہے لیکن خودفریبی سے حقیقتیں تو بدل نہیں جایا کرتیں۔ہم اس خودفریبی سے اسی صورت میں نکل سکتے ہیں کہ ہم خدا کی کتاب کو معیار قرار دے کر یہ دیکھیں' سمجھیں اور پرکھیں کہ ہمارا شمار منعم علیہ کے زمرے میں ہوتا ہے یا مغضوب علیہ اور ضالین کے گروہ میں۔اس معیار پر اپنے آپ کو' اپنی قوم کو' پرکھنے سے جو نتیجہ سامنے آتا ہے' اس سے تو روح میں کپکپی پیدا ہوجاتی ہے۔عزیزانِ من! یہاں پر سورۃ الفاتحۃ کی آخری آیت کا درس اب ختم ہوتا ہے۔

خلاصہ سورۃ الفاتحۃ

عزیزانِ من! میں چاہتا ہوں' کچھ تھوڑا سا وقت بھی ہمارے پاس ہے' کہ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اس سورۃ الفاتحۃ کی ساتوں آیات کا خلاصہ آپ کے سامنے پیش کر دوں۔آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہر کتاب کے شروع میں مقدمہ یا پیش لفظ لکھ دیا جاتا ہے۔اس سے اس کتاب کے موضوع یا مندرجات کا تعارف کرانا مقصود ہوتا ہے۔موزوں ترین مقدمہ یا پیش لفظ اسے سمجھا جاتا ہے جو نہایت مختصر لیکن جامع الفاظ میں اس حقیقت کو سامنے لے آئے' جو اس کتاب کا مقصود و مطلوب ہے۔سورۃ الفاتحۃ کو فاتحۃ الکتاب کہا جاتا ہے' جس کے معنی یہ ہیں کہ یہ سورۃ الکتاب یعنی قرآن کریم کا یوں سمجھیے گویا پیش لفظ یا تعارف ہے۔ اسے دیکھیے تو یہ سات آیات پر مشتمل

سورت ہے اور آیات بھی ایسی مختصر کہ دو دو چار چار الفاظ پر مشتمل ہیں۔ لیکن ان کی جامعیت کا یہ عالم ہے کہ قرآنِ کریم کی بنیادی تعلیم اور دین کے نظام کا ملخص اس کے اندر یوں سمٹ کر آ گیا ہے جیسے آنکھ کے تل میں آسمان۔ یہ قرآنِ کریم کے ایجاز اور اعجاز کی نمایاں شہادت ہے۔

سورۃ الفاتحۃ کے شروع میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کے الفاظ سامنے آتے ہیں۔ اگر انہیں خدا کی طرف منسوب کیا جائے یعنی اس میں متکلم خود خدائے تعالیٰ سمجھا جائے تو اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ ''اس کتاب کو اس لیے نازل کیا گیا ہے کہ نوعِ انسان کی نشوونما کی جو ذمے داری خدا نے اپنے اوپر لے رکھی تھی' وہ پوری ہو جائے (6:12;6:54)۔ یہ نشوونما وحی کی راہنمائی کے بغیر ممکن نہیں۔ (10:57;58;17;82)''۔ اور اگر اسے انسانوں کی طرف منسوب کیا جائے یعنی یہ سمجھا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو یہ تعلیم دی ہے اور کہا ہے کہ تم ایسا کرو تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ''ہر عبد مومن اس کا اعتراف اور اعلان کرتا ہے کہ میں جس پروگرام کو ہاتھ میں لے رہا ہوں' اس سے مقصد یہ ہے کہ خدا کی صفتِ رحمانیت اور رحیمیت کی نمود عام ہو جائے''۔

اس کے بعد سورۃ الفاتحۃ ہمارے سامنے آتی ہے۔ میں اس کے ملخص کے لیے مناسب الفاظ اور بیان کی فکر میں تھا کہ میں نے دیکھا کہ اس کا جو مطلب میں نے ''مفہوم القرآن'' میں بیان کر دیا ہے وہ اس کا موزوں ترین خلاصہ ہے۔ اس لیے میں اسی کو یہاں پیش کر دینا مناسب سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے:

آیات 1 اور 2

''جب انسان اس کارگہہِ کائنات کے نظم ونسق پر غور کرتا ہے تو اس کے سامنے یہ حقیقت بے نقاب ہو کر آ جاتی ہے کہ اس میں' ہر شے کو وہ سامانِ نشوونما کس طرح بلا مزد و معاوضہ ملتا چلا جاتا ہے' جس سے وہ اپنے نکتہ آغاز سے مقامِ تکمیل تک پہنچ جاتی ہے۔ عام حالات میں تدریجاً اور عند الضرورت ہنگامی عملِ ارتقا Emergent Evolution (فجائی ارتقا) کے ذریعے۔ اس حیرت انگیز نظامِ ربوبیت کو دیکھ کر' ہر صاحب بصیرت کی زبان پر بے اختیار کلمات تحسین و آفرین آ جاتے ہیں' اور وہ بلا ساختہ پکار اٹھتا ہے کہ: اے ہمارے نشوونما دینے والے! تو نے اس کائنات کی کسی شے کو نہ بے کار پیدا کیا اور نہ ہی تخریبی نتائج کے لیے (3:189-190)۔ یہی وہ اربابِ علم وایقان ہیں جو صحیح معنوں میں خدا کی حمد کرنے والے ہیں (9:112;35:27-28)''۔

یہ ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (1:1) الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (1:2)۔ اور آگے یہ ہے کہ ''خدا کے اس پروگرام کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ جو مستبد قوتیں دوسروں کی نشوونما کی راہ میں حائل ہوں' انہیں راستے سے ہٹا دیا جائے۔ یہ حمدیت کا قدم اول ہے (6:45)۔

آیت3

''ان مستبد قوتوں کو راستے سے ہٹانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ایک ایسا نظام قائم ہوجائے گا جس میں نہ کوئی انسان' دوسرے انسان کا محتاج ہوگا نہ محکوم۔اس میں تمام امور کے فیصلے خدا کے قوانین کے مطابق ہوں گے(7:11:43:84:82:18:19)۔یہی وہ نظام ہے جسے آخرالامر' انسانوں کے تمام خودساختہ نظام ہائے حیات پر غالب آ کر رہنا ہے۔(9:33)۔

آیت4

''یہ نظام ان افراد کے ہاتھوں متشکل ہوگا جو اس حقیقتِ کبریٰ کا اعلان اور عملاً اس اعلان کی تصدیق کریں گے کہ ہم خدا کے سوا کسی کی اطاعت اور محکومیت اختیار نہیں کرتے اور نہ ہی کسی غیر خدائی نظام سے خواست گارِ معاونت ہوتے ہیں (3:78;12:40)۔اس کا عملی طریق اس کتابِ عظیم (قرآن مجید) کے احکام واصول کی اطاعت ہے(15:44-48)اور یہی خدا کی عبدیت اور عبادت ہے۔

آیت5

''یہ افراد (جماعت مومنین) جب سفر حیات کے لیے قدم اٹھاتے ہیں' تو یہ حسین تمنائیں اور مقدس آرزوئیں دعا بن کر ان کے لبوں تک آجاتی ہیں کہ: بارِالہا! زندگی کا وہ سیدھا اور ہموار ومتوازن راستہ اُبھر اور نکھر کر ہمارے سامنے آجائے جو ہمیں' بلاخوف وخطر ہماری منزلِ مقصود تک لے جائے۔

آیت6

''یعنی وہ راستہ جس پر چل کر' سعادت مندامم سابقہ' زندگی کی خوشگواریوں اور سرفرازیوں سے بہرہ یاب ہوئیں۔اس سے انہوں نے' کائنات کی قوتوں کو مسخر کر کے' اپنی ہم عصر اقوام میں امتیازی حیثیت حاصل کرلی(2:47;81:20)۔

آیت7

''جب تک یہ قومیں' تیرے متعین کردہ راستے پر چلتی رہیں' زندگی کی شادابیوں سے بہرہ یاب رہیں' جب ان کے نظریہ حیات میں تبدیلی آگئی تو یہ نعمتیں ان سے چھن گئیں اور دنیا میں ذلیل وخوار ہوگئیں(2:61;7:152)۔ان کی سعی وعمل کی کھیتیاں جھلس کر راکھ کا ڈھیر بن گئیں۔اور چونکہ صحیح راستہ ان کی نگاہوں سے اوجھل ہو چکا تھا' اس لیے ان کا کاروانِ حیات اپنی قیاس آرائیوں کے پیچ وخم میں کھو کر رہ گیا۔وہ کبھی آنکھیں بند کر کے' اپنے آباؤاجداد کی فرسودہ راہوں پر چلتے رہے(37:69:71)اور کبھی انہوں نے خود اپنے

جذبات ہی کو اپنا راہنما بنا لیا (45:23)۔ جب اس سفر بے منزل کی بھول بھلیوں میں کھو کر مایوس ہو گئے تو یہ کہہ کر اپنے آپ کو فریب دے لیا کہ خدا کو منظور ہی نہ تھا کہ ہمیں سیدھا راستہ دکھاتا (6:149)۔ ''بارِ الہا! ہم تجھ سے تیرے بتائے ہوئے راستہ پر چلنے کی توفیق طلب کرتے ہیں تا کہ ہمارا حشر بھی ان سوختہ سامانوں کا سا نہ ہو جائے' کہ ہم جانتے ہیں کہ جو قوم تیری راہنمائی سے منہ موڑ لے' اسے کوئی صحیح راستہ نہیں دکھا سکتا (61:5)۔ اس کے ساتھ ہی ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ راستہ انہی کے سامنے آ سکتا ہے جو اس کی تلاش کے لیے جدوجہد کریں (29:69)۔ ہم تجھ سے اس جدوجہد کی بھی توفیق طلب کرتے ہیں۔''

یہ ہے برادرانِ عزیز! ''مفہوم القرآن'' میں دیئے ہوئے سورۃ الفاتحۃ کا خلاصہ تھا جو میں نے آپ کے سامنے پیش کیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ آج اٹھائیس اکتوبر 1979 کو میں سورۃ الفاتحۃ کے ان متعارفی دروس کے 9 درسوں سے بحمدہٖ تعالیٰ فارغ ہوا ہوں اور انہیں ٹیپس میں محفوظ کر دیا ہے تا کہ آپ سامعین کے لیے بھی یہ فائدے کا موجب ہو اور اس کے بعد آنے والی نسلیں بھی اس محفوظ سرمایہ سے استفادہ کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ میری اس سعی کو مشکور فرمائے اور آپ کی قرآن کے ساتھ وابستگی کے جذبے میں برکت عطا فرمائے۔ والسلام علیکم

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

❀......❀❀......❀

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(غلام باری، مانچسٹر)

خدا کا تصور

خدا فارسی زبان کا لفظ ہے اور یہ صرف ایران، افغانستان اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کے ہاں اللہ کے لئے بولا جاتا ہے۔ یہ ایک حیران کن، تاسف انگیز اور دلخراش حقیقت ہے کہ جہاں تک اللہ کو پکارنے کا تعلق ہے سکھ قوم ہم سے بہتر ہے۔ ہم تو بالکل گئے گزرے ہیں کیونکہ ہم نے اللہ کا نام (Nick Name) خدا رکھ چھوڑا ہے۔ معاذ اللہ۔ اور سکھ حضرات اللہ کو اس کی قرآنی صفت ''رب'' سے پکارتے ہیں۔ ال + الہٰ = اللہ کا مطلب ہے صاحبِ اقتدار۔ الحاکم The only Sovereign اور رب کے معنی ہیں رزق فراہم کرنے والا۔ نشوونما دینے والا۔ اس کے برعکس لفظ خدا ہیچ معنی نہ دارد، عرب اس لفظ سے ناواقف ہیں۔ وہ اللہ بولتے ہیں۔

اللہ کی ذات کے متعلق ہم کچھ نہیں جان سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم نے اللہ کی معرفت (اس کی ذات کو جاننے پہچاننے) کا حکم نہیں دیا۔ اس پر ایمان لانے کا مطالبہ کیا ہے اور اس کی صفات بتائی ہیں۔ اللہ پر صحیح ایمان کے معنی ہیں ایسی ذات کا ماننا جس کی وہ صفات ہیں۔ لیکن ایمان صرف یہی نہیں کہ There is God، خدا ہے۔ ساری کائنات تو ایک طرف ہمارا اپنا وجود اس کی زندہ شہادت ہے کہ ہمیں پیدا کرنے والی کوئی ہستی ہے۔ اس لئے اللہ پر ایمان کے معنی اس کی ہستی پر ہی یقین نہیں بلکہ اس کی ہر بات پر اعتماد، اس کے قوانین پر پورا پورا بھروسہ و اعتماد اور اس کی اطاعت کا اقرار کرنا ہے۔ انسانی ذہن خدا کے متعلق جو تصور قائم کرتا ہے اس کی ذات اس سے بلند و بالا ہے۔ محدود ذہن لامحدود کا تصور کر ہی نہیں سکتا۔ سُبۡحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُون (۲۳/۹۱)۔ سے یہی مراد ہے۔

خدا سے ہمارا تعلق اس کی کتاب (قرآن کریم) کے ذریعے ہے۔ اس کے علاوہ اس کے ساتھ ہمارے تعلق کی کوئی صورت نہیں۔ اس کی اطاعت سے مفہوم بھی یہی ہے کہ قرآن کریم کے قوانین و احکام کی اطاعت کی جائے۔ اس کو پکارنے کے معنی بھی یہی ہیں کہ زندگی کے ہر دوراہے پر اس کی دی ہوئی راہنمائی (قرآن کریم) سے دریافت کیا جائے کہ ہم کس راستے کو اختیار کریں۔

قرآن کریم کی تعلیم میں بنیادی نقطہ خدا کے تصور

کا ہے۔ خدا کے جس تصور کو قرآن پیش کرتا ہے ہو نہیں سکتا کہ انسان اس پر عقل وفکر سے غور کرے اور اسے ماننے سے انکار کردے اور وہ تصور یہ ہے کہ **قل ھو اللہ احد**۔ اے رسول! ان سے کہو خدائے واحد اپنی ذات وصفات میں یگانہ ہے۔ ان میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہوسکتا۔ ساری کائنات میں اسی ایک کا قانون کارفرما ہے اور اسی ایک کے قانون کے تابع تمام انسانوں کو بھی رہنا چاہئے۔ اس طرح ان میں بھی وحدت پیدا ہو جائے گی۔ (وحدتِ خالق کے تصور کا لازمی نتیجہ وحدتِ قانون اور وحدتِ انسانیت ہے)۔ **اللہ الصمد**۔ وہ (خدا) خود مکتفی ہے اور باقی سب اپنی زندگی' بقا' نشو ونما اور تکمیل کے لئے اس کے محتاج ہیں۔ وہ ایک بلند و بالا مستحکم چٹان کی طرح ہے جو خود ہر قسم کے خطرات سے محفوظ ہوتی ہے اور سیلاب سے بچنے کے لئے ہر ایک اس کی طرف پناہ کے لئے جاتا ہے۔ **لم یلد ولم یولد**۔ اس نے تمام ذی حیات کو عملِ تخلیق سے پیدا کیا ہے نہ کہ تولید کے ذریعے۔۔۔ (عمل تولید میں پیدا کرنے والے کا ایک حصہ مولود میں آجاتا ہے' اس طرح والد۔۔۔ پیدا کرنے والا۔۔۔ خود ناقص رہ جاتا ہے۔ تخلیق میں ایسا نہیں ہوتا)۔ نہ اس نے اس طرح کسی کو پیدا کیا ہے نہ وہ خود کسی کے عملِ تولید کا نتیجہ ہے اور۔ **ولم یکن لہ کفوا احد**۔ اس کا ہمسر' مثیل اور نظیر کوئی نہیں۔ اس جیسا کوئی ہو ہی نہیں سکتا۔

دنیا میں چند دہریوں کو چھوڑ کر باقی سب خدا کو ماننے کے مدعی ہیں لیکن خدا کوئی محسوس شے نہیں کہ اسے دیکھ کر ہر ایک' ایک جیسا مانے۔ وہ غیر مرئی' غیر محسوس اور ادراک وشعور سے بلند ذات ہے۔ اس لئے خدا کو ماننے سے مطلب یہ ہوگا کہ تم اس کے متعلق تصور کیا رکھتے ہو۔ ایک تصور کے مطابق اسے مانو تو وہ خدا پر ایمان کہلائے گا۔ دوسرے تصور کے مطابق مانو' تو وہ خدا پر ایمان کے دعوے کے باوجود' اس سے انکار ہوگا۔ خدا کا تصور وہی صحیح ہوسکتا ہے جسے خود خدا نے اپنے متعلق دیا ہے اور یہ تصور قرآن کریم کے علاوہ اور کہیں سے نہیں مل سکتا۔ لہٰذا' خدا کے اس تصور کو ماننا جو قرآن پیش کرتا ہے خدا پر ایمان کہلائے گا۔ خدا کا یہی تصور ہے جو نہایت مختصر' لیکن کمال جامع شکل میں سورۃ اخلاص میں پیش کیا گیا ہے۔ تم علم کی بارگاہ سے پوچھو کہ خدا کا اس قسم کا منزہ اور بلند تصور کہیں اور سے بھی مل سکتا ہے؟۔ اس خدا پر ایمان تمہاری کامیابی کا راز ہے۔ اس لئے کہ اس پر ایمان لانے کے معنی یہ ہیں کہ تم اپنے اندر (علیٰ حدِ بشریت) اس جیسی صفات پیدا کرو۔ جو قوم اس قسم کی صفاتِ عالیہ کی حامل ہوگی' دنیا کی کونسی قوم اس کا مقابلہ کرے گی؟۔ (مفہوم القرآن)۔

سورۃ بنی اسرائیل میں ہے کہ: وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا o

(۱۱۱/۱۷)۔ اے رسول ان سے کہو (خدا کا جو منزہ تصور قرآن پیش کرتا ہے وہی خدا کا حقیقی تصور ہے۔ اس تصور کی رو سے) یہ غلط ہے کہ اس کا کوئی بیٹا ہے (۲) یہ بھی غلط ہے کہ اس کے اقتدار اور اختیار میں کوئی اس کا شریک ہے۔ (۳) اور یہ بھی غلط ہے کہ اسے' اپنی کمزوری کی وجہ سے' کسی مددگار کی ضرورت ہے۔ وہ خدا بلا شریک وسہیم' تمام قوتوں کا واحد مالک ہے۔ خدا کا یہی وہ تصور ہے جو درخورِ حمد و ستائش ہے۔ **تمہاری زندگی کا مقصد یہ ہونا چاہئے** کہ اس کے نظام اور قوانین کو تمام دیگر نظامہائے حیات اور قوانینِ زندگی پر غالب کیا جائے اور یوں انسانوں کی دنیا میں بھی اس کی کبریائی کا تختِ اجلال اسی طرح بچھ جائے جس طرح وہ خارجی کائنات میں بچھا ہوا ہے۔ یہی مطلب ہے سورۃ توبہ کی آیت ۳۳ کا جس میں اللہ کا ارشاد ہے کہ: هُوَ الَّذِیٓ أَرۡسَلَ رَسُولَهُۥ بِالۡهُدَىٰ وَدِینِ الۡحَقِّ لِیُظۡهِرَهُۥ عَلَى الدِّینِ كُلِّهِۦ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُونَ ۝۔ اللہ نے اپنے رسولؐ کو ضابطہ حیات یعنی دینِ حق دے کر بھیجا ہی اس لئے ہے کہ یہ نظام' دیگر تمام نظامہائے عالم پر غالب آئے' خواہ یہ بات ان لوگوں پر کتنی ہی ناگوار کیوں نہ گذرے جو خدا کے ساتھ اوروں کو بھی شریکِ حکومت کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا رسول اللہ ﷺ کے ہاتھوں یہ نظام قائم ہوا لیکن مخالفین نے آخری خلیفہ الرسول ﷺ کے بعد خلافت کو مذہبی پیشوائیت میں اور دین کو ملوکیت میں بدل دیا۔ مسلمان پھر دورِ جاہلیت کی طرف پلٹ گئے۔ اس وقت سے لے کر آج تک مسلمان مذہبی زندگی بسر کرتے چلے آرہے ہیں۔ دنیا میں کوئی بھی مسلم ملک ایسا نہیں جہاں قرآنی نظام یعنی اسلامی نظامِ حکومت قائم ہو۔ نماز وروزہ کی پابندی' ادائیگی اور آزادی تو دنیا کے ہر ملک میں ہے لیکن ہماری اجتماعی زندگی اسلامی نہیں ہے۔

ترمذی شریف کی حدیث نمبر ۳۶۹۴ میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں پانچ چیزوں کو کرنے کا حکم دیتا ہوں (۱) نظامِ ربوبیت قائم کرو۔ (۲) سربراہِ مملکتِ اسلامیہ کی بات سنو۔ (۳) اور اس کی اطاعت کرو۔ (۴) اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔ (۵) اگر ملک میں جدوجہد کے باوجود نظامِ خداوندی قائم نہیں کر سکتے تو وہاں سے کسی ایسے مقام کی طرف ہجرت کر جاؤ جہاں قرآنی حکومت قائم کر سکو۔ (ہجرت کے متعلق سورۃ النساء کی آیت ۹۷ میں اللہ کا بھی یہی ارشاد ہے) نیز اسی حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اسلام سے پہلے والے دورِ جاہلیت کی طرف پلٹ گیا تو اس کا ٹھکانہ جہنم ہوگا۔ چاہے وہ شخص روزے رکھتا ہو۔ نمازیں پڑھتا ہو اور سچا مسلمان ہونے کا اعلان کرتا ہو۔ قرآن کہتا ہے: وَمَن یَبۡتَغِ غَیۡرَ الۡإِسۡلَامِ دِینًا فَلَن یُقۡبَلَ مِنۡهُ وَهُوَ فِی الۡآخِرَةِ مِنَ الۡخَاسِرِینَ ۝ (۳/۸۴)۔ جو فرد یا قوم نظامِ اسلام کے علاوہ زندگی کے لئے کوئی اور نظام اختیار کرنا چاہے تو میزانِ خداوندی میں اس کا کوئی وزن نہیں ہوگا آخرت میں وہ نقصان پانے والوں میں سے ہوں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(خواجہ ازہر عباس، فاضل درسِ نظامی)

خُمس کا مذہبی اور دینی مفہوم

قرآن کریم میں خمس کا حکم صرف ایک جگہ سورۃ انفال کی آیت نمبر ۴۰ میں آیا ہے اور یہ دسویں پارے کی پہلی آیت ہے۔ اس کے علاوہ قرآن کریم میں خمس کا ذکر اور کسی جگہ نہیں آیا ہے۔ اس مسئلہ کے متعلق کچھ تحریر کرنے سے پیشتر یہاں اس بات کا اعادہ کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسالہ خالص قرآنی نظریات کا داعی ہے اس لئے یہ ہمیشہ فرقہ پرستی سے بلند رہا ہے۔ لیکن زیرِنظر مسئلہ شیعہ حضرات کے ہاں بڑی اہمیت کا حامل ہے اور ان کے ہاں ''فروع دین'' چھ ہیں جن میں سے ایک خمس بھی ہے۔ اس سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اب بھی شیعہ حضرات ہر سال کروڑوں روپے کا خمس نکال کر پاکستان کے علماء کو دیتے ہیں یا ایران کے آیات اللہ کو ارسال کر دیتے ہیں۔ اس رسالہ میں عموماً شیعہ حضرات کے نظریات سے صرف نظر ہی کیا جاتا ہے لیکن اس مسئلہ کی نوعیت ہی کچھ اس طرح کی ہے کہ ان کے نظریات کو Ignore نہیں کیا جا سکتا۔ اس رسالہ میں جو کچھ تحریر کیا جاتا ہے۔ خواہ وہ سنی حضرات کے لئے ہو یا شیعہ حضرات کے لئے، اس سے مقصود خدانخواستہ ان کی تنقید نہیں ہوتی، مقصد صرف قرآن کا موقف بیان کرنا ہوتا ہے ورنہ اصولی طور پر تو اس رسالہ کا نظریہ یہ ہے کہ مذہب سب غلط ہوتے ہیں، درست صرف دین ہوتا ہے۔

اس مسئلہ کے متعلق غور کرنے سے پیشتر ایک دوسری ضروری بات یہ پیشِ نظر رکھنی ضروری ہے کہ قرآن کریم کے ہر قانون کی اطاعت عبادت ہے اور قرآن کی ہر عبادت قانون کا درجہ رکھتی ہے۔ قرآنِ کریم انفرادی تصورِ حیات کے سخت خلاف ہے اور اجتماعی تصورِ حیات کا علمبردار ہے۔ اس لئے قرآن کریم کے احکامات یا اسلام کے قوانین کی اطاعت صرف معاشرہ کے اندر رہ کر ہو سکتی ہے۔ انفرادی طور پر خانقاہوں اور زوایا میں ان کی اطاعت نہیں ہو سکتی۔ قرآن کریم نے ہر جگہ **یاایھا الذین آمنو** کہہ کر تمام مومنین سے اجتماعی طور پر خطاب فرما کر اجتماعی قوانین عنایت فرمائے ہیں۔ کسی جگہ انفرادی طور پر **یاایھا الذی اٰمن** نہیں کہا گیا ہے۔ قرآن کریم کے

مطابق جب کسی مستقل قدر اور ذاتی مفاد میں Tie آ کر پڑتی ہے تو اس وقت ذاتی تصادم' مقابلہ میں مستقل قدر کو ترجیح دے کر اختیار کرنا عبادت خداوندی ہے اور اسی سے نفس انسانی کی نشوونما ہوتی ہے۔ ذاتی معاملہ اور مستقل قدر میں Tie معاشرہ میں ہی واقع ہوسکتی ہے۔ انفرادی زندگی میں نہیں ہوسکتی۔ قرآن کریم حکم دیتا ہے کہ جب قرض لو یا دو تو اس کو تحریر میں لے آؤ (۲/۲۸۲)۔ اس حکم کی اطاعت معاشرہ میں ہوسکتی ہے۔ کسی تجردگاہ میں اس کی اطاعت نہیں ہوسکتی۔ قرآن نے حکم دیا کہ غیبت نہ کرو (۴۹/۱۲)۔ اسی طرح قرآن نے زکوٰۃ' انفاق' ایثار' حسنِ سلوک کے حکم دیئے ان سب کی اطاعت معاشرہ میں ہوسکتی ہے۔ معاشرہ کے باہر' اللہ کی عبادت نہیں ہوسکتی۔ اس کے برعکس مذہب میں ذاتی عبادت کا تصور ہے کہ عبادت انفرادی طور پر بھی ہوسکتی ہے۔ محولہ بالا نکتہ کو پیشِ نظر رکھ کر آپ خود اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ دین میں انفرادی صلوٰۃ کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔ اسی طرح خمس اور زکوٰۃ کی صورت ہے۔ ہمارے ہاں جو زکوٰۃ اور خمس انفرادی طور پر دیئے جاتے ہیں وہ مذہب کا تصور ہے۔ دین میں قطعاً اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

اب اصل مسئلہ کی طرف مراجعت کرتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے۔ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُم مِّن شَيْءٍ فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ إِن كُنتُمْ آمَنتُمْ بِاللَّهِ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ (۸/۴۱)۔ اور جان رکھو کہ جو کچھ تم غنیمت حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لئے اور رسول کے لئے قرابتداروں' یتیموں مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو اور اس چیز کے جو ہم نے اپنے بندے پر اتاری فیصلے کے دن' جس دن دونوں جماعتوں میں مڈبھیڑ ہوئی۔ یوم الفرقان سے مراد غزوۂ بدر کا دن ہے کیونکہ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَان کے الفاظ نے خود اس کی وضاحت کر دی ہے اس لئے کہ وہی پہلا دن تھا جس دن مسلمانوں اور کفار کے درمیان جماعتی حیثیت سے تصادم ہوا تھا۔

عربی زبان کے مطابق مال غنیمت وہ مال ہے جو میدانِ جنگ میں مسلمان مجاہدین کو کفار سے حاصل ہوتا ہے۔ قرآنِ کریم نے جنگ سے حاصل شدہ اموال کو غنیمت یا انفال اس لئے کہا ہے کہ اس سے یہ بات واضح ہو جائے کہ یہ اموال جہاد کا معاوضہ نہیں ہیں۔ مجاہد جو جہاد اللہ کی راہ میں کرتا ہے وہ ایک فرض ادا کرتا ہے اور اس کا اجر اس کو اللہ کے ہاں سے ملتا ہے جو ابدی زندگی کی صورت میں ہوتا ہے۔ باقی یہ اموال تو اس جہاد کے زوائد ہیں۔ مال غنیمت کے سلسلہ میں عربوں کے ہاں یہ دستور تھا کہ جو سپاہی

جس دشمن کو قتل کرتا' اس کا مال و اسباب اس سپاہی کی ملکیت قرار پا جاتا۔ عربوں کے ہاں جنگ کا جذبۂ محرکہ ہی یہ تھا اور اس میں انفرادی مفاد پیش نظر ہوتا تھا۔ قرآنِ کریم نے اس کی اصلاح فرمائی کہ اسے لوٹ کا مال تصور نہ کیا جائے کہ جو جس سپاہی کے ہاتھ لگے وہ اس کو لے لے' بلکہ اس کے بجائے وہ سب سامان مملکت کی تحویل میں دیا جائے گا جسے وہ مملکت حسبِ ضرورت آیۂ کریمہ کے مقرر کردہ طریقہ کے مطابق تقسیم کر دے گی۔ لیکن یہ بات بڑی اہم ہے کہ اس کی تقسیم مملکت خود کرے گی' انفرادی طور پر اس کی تقسیم نہیں ہوگی۔ اور اس حکم کی اطاعت عبادت خداوندی ہوگی۔ حالانکہ یہ حکم ٹھیٹ دنیاوی زندگی کے متعلق ہے۔

مسلمانوں کے دونوں بڑے فرقے (سنی و شیعہ) اس آیۂ کریمہ کی جو تفسیر فرماتے ہیں وہ دونوں تفاسیر قرآن کے خلاف ہیں' روایات پر مبنی' مذہبی تفاسیر ہیں۔ اس کی خالص قرآنی نکتہ نظر کے مطابق دینی تفسیر پیش خدمت عالی ہے۔ چونکہ یہ تفسیر مروجہ مفہوم سے الگ اور منفرد ہے' اس لئے اس کو غور سے ملاحظہ فرمائیں۔

ہمارے علماء کرام جو مال غنیمت ہاتھ آتا ہے اس میں سے پانچویں حصہ پر اس آیت کا اطلاق کرتے ہیں جس میں ایک حصہ اللہ و رسول کا اور باقی حصص ذوی القربیٰ' یتامیٰ مساکین اور ابن سبیل میں تقسیم کرتے ہیں۔ مال غنیمت کا ۴/۵ حصہ وہ لشکر میں خود تقسیم کرتے ہیں۔ سوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ دیتے ہیں۔ یہ ۴/۵ حصہ جو لشکر میں تقسیم ہوتا ہے وہ ان حضرات کے نزدیک آیۂ کریمہ کے Perview (احاطہ) سے باہر ہے۔ اس لئے اس حصہ پر تو کوئی بحث ہی نہیں ہوسکتی۔ البتہ جو پانچواں (۱/۵) حصہ ہے صرف اس کی تقسیم وہ اس آیت کے مطابق کرتے ہیں۔ پھر دوبارہ واضح کیا جاتا ہے کہ ہمارے علماء کرام کے نزدیک سارا مال غنیمت اکٹھا کر کے' اس میں سے پانچواں (۱/۵) حصہ اللہ و رسول کا حق نکال کر' بقیہ ۴/۵ حصہ مجاہدین میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ان کے نزدیک مال غنیمت میں سے اللہ و رسول کا حق صرف پانچواں حصہ ہے جس کے یہ حصص آیۂ کریمہ میں بیان کئے گئے ہیں۔

اس پانچویں حصہ کے مصارف کی تفصیل میں سب سے پہلا حصہ اللہ و رسول کا ہے۔ اللہ کا حصہ اعلائے کلمتہ اللہ کے لئے استعمال ہوگا اور رسول کا حق ان کی اپنی ذات پر' کیونکہ وہ سارا وقت سربراہِ مملکت کے طور پر خدمتِ ملت کے لئے گذارتے ہیں اور ان کا ایک ایک لمحہ قیمتی ہوتا ہے اس لئے ضروری ہوا کہ اس مال میں ان کا حق رکھا جائے۔ اصل میں یہ حق ریاست کے سربراہ کا حق ہے جو حضورﷺ کے بعد آپ کے خلیفہ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ تیسرا حق ذوی القربیٰ کا ہے جس سے مراد' علماء کے

نزدیک حضورﷺ کے قرابتدار ہیں جن کی کفالت حضور کرتے تھے۔ چوتھا حق یتیموں، مسکینوں، مسافروں کا ہے جو ان میں تقسیم کیا جائے گا۔ چند جزوی اختلاف کو چھوڑ کر ہمارے علماء کرام کا یہی موقف اس آیت کے متعلق ہے جو تحریر کیا گیا ہے۔

شیعہ حضرات لذی القربیٰ میں حضورﷺ کے رشتہ دار مراد لے کر، خمس کو سادات کے لئے مختص کر دیتے ہیں اور جو حصص یتامیٰ، مساکین اور ابن سبیل کے مخصوص ہیں، ان حضرات کے ہاں، ان کے لئے بھی سیادت کی شرط لازمی ہے۔ مختصراً یہ کہ شیعہ حضرات کے ہاں سارا خمس کسی نہ کسی طرح سادات کے سپرد کر دیا جاتا ہے اور اس کے لئے ان کی دلیل یہ ہے جو آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔

شیعہ حضرات کا موقف واضح کرنے کی غرض سے ایک اقتباس دیا جاتا ہے جس سے ان کے مسلک کی وضاحت ہو جائے گی۔ اقتباس قدرے طویل ہے لیکن اس کے علاوہ کوئی اور چارہ نہیں تھا کہ ان کا اپنے الفاظ میں نظریہ تحریر کیا جائے، میں خود شاید اتنی وضاحت نہ کر سکتا۔ مشہور تفسیر، تفسیر القرآن کا یہ اقتباس ہے یہ تفسیر الحاج حضرت ادیب اعظم مولانا سید ظفر حسن صاحب کی تحریر کردہ ہے۔ اقتباس ملاحظہ فرمائیں۔

''یہ تقسیم کا حکم جنگ بدر کی غنیمت کے وقت ہوا۔ احادیث سے یہ ثابت ہے کہ اللہ کا حصہ رسول کا حصہ ہے اور رسول کے بعد خدا اور رسول کے حصہ کا مالک امام منصوص من اللہ ہوگا خلاصہ یہ ہے کہ رسول کا حصہ تو ان کے قربتداروں کو دیا جائے گا جو یتیم و مسکین اور پردیسی ہوں۔ یہ شرط ہے کہ قرابتدار رسول ہوں۔ یعنی یہ سب حصے رسول اور ان کی اولاد کے لئے خاص ہیں، خمس میں سہمِ امام علیحدہ کر کے دوسرا حصہ سادات کی ان صفوں میں تقسیم کیا جائے گا جن کا ذکر آیت میں ہے۔ چونکہ اولاد رسول پر غیر سید کی زکوٰۃ جو صدقہ ہے حرام ہے لہٰذا بجائے اس کے ان کا حق خمس میں باقی رکھا گیا ہے۔

عقل و انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ جو خاندان حکمران ہو اس کی اولاد کے لئے کچھ ایسا بندوبست کیا جائے کہ وہ اپنی زندگی باعزت طریقہ سے گذار سکیں اور لوگوں کے سامنے ان کو ہاتھ پھیلانے کی ضرورت پیش نہ آئے کیونکہ اس میں شاہی خاندان کی ذلت یقینی ہے۔ تمام دنیا کی سلطنتوں میں ایسا ہی ہوتا ہے اور رسول جو دین اور دنیوی دونوں حیثیت سے مسلمانوں کے بادشاہ ہیں لہٰذا قدرت کیسے گوارا کر سکتی تھی کہ ان کی اولاد کے حقوق کا تحفظ نہ کیا جائے۔ غیر سید کی زکوٰۃ کو اس لئے سادات پر حرام کیا گیا ہے کہ وہ صدقہ ہے۔ میل

کچیل ہے اس کو لے کر کھانے میں اولاد رسول کی توہین ہے۔'' اقتباس ختم ہوا۔

حضرت محترم مفسر صاحب نے پہلے ہی تحریر کر دیا کہ یہ سب کچھ نظریات انہوں نے احادیث سے اخذ کئے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس اقتباس سے بنوعباس کے دورِ ملوکیت کی زینت خوب آشکارا ہو رہی ہے۔ شیعہ حضرات کا فقہ' فقہ جعفری کہلاتا ہے۔ حنفی فقہا کو براہ راست خلفاء بنی عباس کی سرپرستی حاصل تھی۔ لیکن شیعہ فقہا کی یہ صورت نہیں تھی' خلفاء بنی عباس عموماً ان کے خلاف تھے۔ لیکن فقہ جعفری' فقہ حنفی کے ساتھ ساتھ اس کے ردعمل (Re-action) میں اس کے متوازی بنتا چلا گیا۔ اس کے ماخذ (Source of Law) بھی وہی قرآن واحادیث و اجماع ہیں۔ ان کی احادیث جو ماخذ قانون بنتی ہیں وہ سنیوں سے الگ ہیں۔ اجماع میں بھی قول معصوم کی سند کا ہونا ضروری ہے۔ لیکن قیاس ان کے ہاں نہیں ہے۔ مجھے فقہ جعفری کی زیادہ معلومات نہیں ہیں۔ اس لئے میں اس کے لئے مزید لکھنا نہیں چاہتا۔ چونکہ اس کی ابتداء حضرت امام جعفر صادق نے کی تھی اس لئے یہ فقہ ان کے نام نامی و اسم گرامی کی طرف منسوب ہے۔ لیکن یہ بھی طے شدہ بات ہے کہ جس طرح آج دنیا میں امام ابوحنیفہ کی کوئی کتاب موجود نہیں ہے۔ اسی طرح حضرت امام جعفر صادقؒ کی بھی کوئی کتاب دستیاب نہیں ہے۔ ان دونوں فقہ کا انتساب ان دونوں حضرات گرامی قدر کی طرف مشکوک وظنی ہی ہے۔

